© rasailojaraid.com



# تفہیم القرآن کے متعلق اعلان

اس سے پیشتر جو اعلان تفہیم القرآن کی پہلی جلد کے متعلق کئے گئے ہیں۔ ان کے مطابق جلد تیار نہ ہو سکی۔ اس سلسلہ میں بیشمار خطوط موصول ہو رہے ہیں جن سے ظاہر ہے کہ تفہیم القرآن کا کس بے صبری سے انتظار ہو رہا ہے۔ فرداً فرداً ہر خط کا جواب ناممکن ہے۔ لہٰذا ترجمان القرآن کے ذریعہ اس وقت کی صحیح کیفیت پیش کی جا رہی ہے۔ اور جس مقام پر ہم تفہیم القرآن کو لیکر پہنچے ہیں پیش خدمت ہے۔ پہلی جلد کی کتابت تقریباً ختم ہے اس کا معمولی سا کام باقی ہے۔ بعض گرافک بلاک ہی اس وقت تک بن سکے ہیں۔ ان پر کاپیاں چھاپنے کیساتھ ساتھ پروف بھی نکل رہے ہیں۔ بقیہ بلاک بھی عنقریب بننے کی توقع ہے۔ کاغذ کی تلاش شروع ہی سے جاری ہے۔ پہلے براہ راست منگوانے کیلئے کئی قسم کی دشواریاں تھیں۔ جو ہمارے امکان سے باہر تھیں۔ کاغذ کی فرموں نے بتایا تھا کہ جولائی اگست میں اچھا کاغذ مل سکے گا جس کا انتظار ہے اب چونکہ براہ راست بھی منگوانے پر لائسنس وغیرہ کی قیود نہیں رہیں۔ اسلئے براہ راست بھی منگوانے کے انتظامات مکمل ہو رہے ہیں۔ تاکہ اگر خدانخواستہ اگست میں بھی کاغذ مہیا نہ ہو سکا۔ تو ڈائرکٹ فرمائش جاری کی ہوگی۔ اور اگر مل گیا۔ تو فوراً ہی طباعت شروع ہو جائیگی۔ اور اچھا کاغذ دوسری جلد کیلئے محفوظ رہیگا۔

اس بڑی تاخیر سے ہم خود پریشان ہیں لیکن اسکے باوجود ہم دیکھ رہے ہیں کہ اس میں بھی حکمت ہے۔ اس دوران میں مزید تصحیح کا کام جاری ہے۔ اور یہ تاخیر یقیناً خیر ہی ہوگی۔

تفہیم القرآن کی پہلی جلد سورۃ فاتحہ سے سورۃ مائدہ تک ۲۲×۲۹/۸ کے چھ سو سے زائد صفحات پر مشتمل ہو رہی ہے۔ اور اس میں ایک سے زائد نقشے ہوں گے۔ کاغذ کے موجودہ نرخوں اور لوگوں کے تقاضوں کی وجہ سے قیمت مقرر کر دی گئی ہے۔

قیمت قسم اوّل -/۱۲ قسم دوم -/۱۰ قسم سوم -/۸ اپنی فرمائش میں وضاحت سے تحریر فرمائیں۔ کہ کونسی قسم آپ کیلئے محفوظ کی جائے۔ علاوہ ازیں کسی بھی قسم کیلئے فرمائش کے ہمراہ عندیہ پیشگی فی جلد کے حساب سے روانہ فرمائیے۔ بقیہ رقم روانگی پر وصول کی جائے گی۔ ہندوستان کی فرمائش اور پیشگی مکتبہ جماعت اسلامی ہند رامپور۔ یو۔پی اور پاکستان کیلئے براہ راست فرمائش اور پیشگی ہمارے پتہ۔ شیخ محمد قمر الدین پبلشر گوجر گلی موچی دروازہ لاہور کے پتہ پر روانہ کریں۔

دونوں جگہ پیشگی جس ترتیب سے وصول ہوگا اسی ترتیب سے فرمائشوں کی تعمیل ہوگی کاغذ اگست میں مل گیا تو ان شاء اللہ اکتوبر یا دسمبر میں تعمیل یقینی ہوگی۔

نیاز مند قمر الدین

© rasailojaraid.com